Official Spokesperson's response to media queries on the Indian Consulate in Kandahar

July 11, 2021

قندھار میں ہندوستانی قونصل خانے سے متعلق میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

11جولائی ، 2021

قندھار میں ہندوستانی قونصل خانے سے متعلق میڈیا کے سوالات کے جواب میں، سرکاری ترجمان جناب ارندم باگچی نے کہا:

"بھارت افغانستان میں ابھرتی ہوئی سلامتی کی صورتحال پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے۔ ہمارے اہلکاروں کی حفاظت وسلامتی بہت اہمیت کا حامل ہے۔ قندھار میں ہندوستان کے قونصل خانے کو بند نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم، قندھار شہر کے قریب ہونے والی شدید لڑائی کی وجہ سے، ہندوستان سے تعلق رکھنے والے اہلکاروں کو اس وقت کے لئے واپس بلا لیا گیا ہے۔ میں اس بات پر زور دینا چاہتا ہوں کہ جب تک صورتحال مستحکم نہ ہوجائے یہ ایک مکمل طور پر عارضی اقدام ہے۔ قونصل خانہ ہمارے مقامی عملے کے ممبروں کے ذریعے کام جاری رکھے ہوئے ہے۔

کابل میں ہمارے سفارتخانے کے ذریعے ویزا اور قونصلر خدمات کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنانے کے انتظامات کیے جارہے ہیں۔

افغانستان کے ایک اہم شراکت دار کی حیثیت سے، ہندوستان ایک پر امن، خودمختار اور جمہوری افغانستان کے لئے پرعزم ہے۔"

نئی دہلی

11 جولائی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.